ہندوستان، میکسیکو کے درمیان جوائنٹ کمیشن کی چھٹی میٹنگ

نئی دہلی22 اکتوبر (آئی این ایس انڈیا)

ہندوستان میکسیکو جوائنٹ کمیشن کی چھٹی میٹنگ 22 اکتوبر 2014 کو منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں ہندوستانی وزیر خارجہ عزت مآب ''سشما سوراج'' اور میکسیکو کے وزیر خارجہ ''جوس انٹونی میڈی کیوریبنا'' نے شرکت کی۔ 1984 میں ٹیکنیکل پہلو کے قیام کے بعد یہ پہلا موقع ہے جب جے سی ایم کی میٹنگ وزرات خارجہ کی سطح پر ہوئی ہے۔ میکسو کے وزیر خارجہ نائب ،وزیر خارجہ ''جناب کارلوز جی کلیزا'' اور ایک بڑے وفد کے ہمراہ آئے تھے۔

سیاسی، معاشی تجارتی ،توانائی، روایتی ادویات، سائنس اور ٹیکنالوجی، خلائی امور تعلیم، سیاحت، سفارت اور ثقافتی مسائل پر دونوں وزرا کے درمیان تبادلہ خیال کیا گیا جن میں دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں پر بھی بحث ہوئی۔ اس دوران ان دونوں نے علاقائی اور کثیر جہاتی موضات، ہندوستان کی جاری مصروفیات سمیت لیٹن امریکن کاربین اسٹیٹ (CELAC)) اور علاقائی سلامتی اتحاد پر بھی بات چیت کی۔

جوائنٹ ورکنگ گروپ کی میٹنگ سائنس، ٹیکنالوجی، ثقافت اور سیاحت کے موضوع پر جے سی ایم کے رول کے تحت 20 اکتوبر 2014 کو منعقد ہوئی تھی۔ آئی ایس آر او ر ''میکسیکن اسپیس ایجنسی'' کے درمیان خلائی تعاون اور امن کے فروغ کے لئے اس میٹنگ کے دوران ایک معاہدہ پر بھی دستخط بھی کیا گیا۔

وزرا نے وزارتی سطح پر جوائنٹ کمیشن میٹنگ کے انعقاد کے لئے اپنے عزائم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ آئندہ مزید مضبوط ہوگا اور دوستانہ تعلقات کے درمیان موجودہ مراعات میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا جس کا قیام 2007 میں عمل میں آیا تھا۔

نئی دہلی

22 اکتوبر 2014